بِنْتَ ضِيَاءِ الدِّيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ	پر۔ سلام ہو یقینا نباء عظیم کی دختر پر۔ سلام
يَا بِنْتَ النَّبَاءِ الْعَظِيْمِ عَلَى	ہو اس کی دختر پر جس کے ذمہ لوگوں کا
الْيَقِيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ	حساب لینا ہے اور کوثر اس کے اختیار میں
مَنْ حِسَابُ النَّاسِ عَلَيْهِ	ہے اور یوم غدیر کی نص اس کے لئے ہے
وَالْكَوْثَرُ فِي يَدَيْهِ وَالنَّصُّ يَوْمَ	اور اللہ کی رحمت و برکت ہے۔ سلام ہو اس
الْغَدِيْرِ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ	کی دختر پر جس کے ناقہ کی لگام جبرئیل نے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَنْ قَادَ	پکڑی تھی اور جس کی مصیبت میں اسرافیل
زِمَامَ نَاقَتِهَا جَبْرَائِيْلُ وَشَارَكَهَا	شریک تھے اور جس کی مصیبتوں کے
فِي مُصَابِهَا اِسْرَافِيْلُ وَغَضِبَ	باعث خداوند عالم غضبناک ہوا اور جس کی

بِسَبَبِهَا الرَّبُّ الْجَلِيلُ وَبَكَى لِمُصَابِهَآ اِبْرَاهِيمُ الْخَلِيلُ وَنُوحٌ وَمُوسَى الْكَلِيمُ فِي كَرْبَلَاءَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيدِ الْغَرِيبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ الْبُدُورِ السَّوَاطِعِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ الشُّمُوسِ الطَّوَالِعِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ زَمْزَمَ وَصَفَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَكَّةَ وَمِنًى اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَنْ حُمِلَ عَلَى الْبُرَاقِ فِي الْهَوَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَنْ حَمَلَ الزَّكٰوةَ بِأَطْرَافِ الرِّدَاءِ وَبَذَلَهُ عَلَى الْفُقَرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَنْ اَسْرٰى بِهٖ مِنَ

سختیوں پر جناب ابراہیم خلیل اور نوح وموسیٰ کلیم نے گریہ کیا اور اس حسینؑ غریب پر جو کربلا میں شہید ہوئے۔ سلام ہو چمکدار روشن ماہتاب کی بیٹی پر۔ سلام ہو طلوع ہونے والے سورج کی دختر پر اور اللہ رحمت و برکت ہو۔ سلام ہو اے مکہ ومنیٰ کی بیٹی سلام ہو اے دختر اس ذات کی جسے براق نے فضا میں بلند کیا۔ سلام ہو اس کی دختر پر جس نے چادر کے گوشوں میں زکوٰۃ اٹھائی اور فقراء پر اسے صرف کیا۔ سلام ہو تم پر جو بیٹی ہو تم اس کی جسے مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک کی سیر کرائی۔ سلام ہو آپ پر اے اس کی دختر جس نے دو دھار والی تلوار (ذوالفقار) سے جنگ کی۔ سلام ہو اس کی دختر پر جس نے دو قبلوں کی طرف

اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ	نماز پڑھی۔ سلام ہو آپ پر جو محمد مصطفیٰؐ کی
الْاَقْصٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ	بیٹی ہو۔ سلام ہو علی مرتضیٰ کی بیٹی پر۔ سلام
مَنْ ضَرَبَ بِالسَّيْفَيْنِ اَلسَّلَامُ	ہو فاطمہ زہراءؑ کی دختر پر۔ سلام ہو خدیجۃ
عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مَنْ صَلَّى قِبْلَتَيْنِ	الکبریٰ کی بیٹی پر۔ سلام ہو آپ پر اور آپ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ مُحَمَّدِنِ	کے جد محمد مصطفی پر۔ سلام ہو آپ پر اور
الْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ	آپ کے پدر بزرگوار حیدر کرار پر۔ سلام
عَلِيِّنِ الْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا	ہو آپ پر اور منتخب طاہر سادات پر اور وہ
بِنْتَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ	لوگ اللہ کی حجتیں ہیں تمام عالم پر زمین
عَلَيْكِ يَا بِنْتَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى	وآسمان کے مالک اور آپ کے بھائی کی
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلٰى جَدِّكِ	اولاد اس حسینؑ پر جو پیاسا اور بہت پیاسا
مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا	ذبح ہوا جو نو طاہر اماموں کے پدر اور اللہ کی
بِنْتَ وَعَلٰى اَبِيْكِ حَيْدَرِ الْكَرَّارِ	حجت مشرق و مغرب زمین اور آسمان میں
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ وَعَلَى السَّادَاتِ	ہیں جن کی محبت مخلوقات میں سے ہر مخلوق
الْاَطْهَارِ الْاَخْيَارِ وَهُمْ حُجَجُ اللّٰهِ	کی گردن پر فرض ہے اس خالق کی طرف
عَلَى الْاَقْطَارِ سَادَاتُ الْاَرْضِ	سے جو قادر و سبحان ہے سلام ہو آپ پر

وَالسَّمَآءِ مِنْ وُلْدِ اَخِيكَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيدِ الْعَطْشَانِ الظَّمْئَانِ وَهُوَ اَبُوالتِّسْعَةِ الْاَطْهَارِ وَهُمْ حُجَجُ اللهِ فِي الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ وَالْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ الَّذِيْنَ حُبُّهُمْ فَرْضٌ عَلٰى اَعْنَاقِ كُلِّ الْخَلَآئِقِ الْمَخْلُوقِينَ لِخَالِقِ الْقَادِرِ السُّبْحَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ وَلِيِّ اللهِ الْاَعْظَمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ وَلِيِّ اللهِ الْمُعَظَّمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ عَمَّةَ وَلِيِّ اللهِ الْمُكَرَّمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اُمَّ الْمَصَائِبِ يَا زَيْنَبُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الصِّدِّيقَةُ الْمَرضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْفَاضِلَةُ

اے دختر اس کی دختر جو عظیم خدا کا ولی ہے سلام ہو تم پر اے بزرگ خدا کے ولی کی پھوپھی سلام ہو آپ پر اے بزرگ خدا کے ولی کی پھوپھی سلام ہو آپ پر اے مصیبتوں کا مرکز زینبؑ اور اللہ کی رحمت و برکت ہو۔ سلام ہو آپ پر اے صدیقہ مرضیہ (پسندیدہ) سلام ہو اے فاضلہ وثابت قدم خاتون سلام ہو آپ پر جو مکمل عالمہ اور عمل کرنے والی ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے بزرگ ومکرم خاتون۔ سلام ہو آپ پر اے پاک وپاکیزہ ومتقی۔ سلام ہو آپ پر جو ظاہر کر چکی اپنی محبت امام حسینؑ مظلوم سے مختلف مقامات پر اور دل جلانے والے مصائب کو برداشت کیا اور بہت برداشت کیا۔ سلام ہو آپ پر اے وہ ذات جس

الرَّشِيۡدَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكِ اَيَّتُهَا
الۡكَامِلَةُ الۡعَالِمَةُ الۡعَامِلَةُ اَلسَّلَامُ
عَلَيۡكِ اَيَّتُهَا الۡكَرِيۡمَةُ النَّبِيۡلَةُ
اَلسَّلَامُ عَلَيۡكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ
النَّقِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكِ يَا مَنۡ
ظَهَرَتۡ مَحَبَّتُهَا لِلۡحُسَيۡنِ
الۡمَظۡلُوۡمِ فِيۡ مَوَارِدَ عَدِيۡدَةٍ
وَتَحَمُّلُ الۡمَصَآئِبَ الۡمُحۡرِقَةِ
لِلۡقُلُوۡبِ مَعَ تَحَمُّلَاتٍ شَدِيۡدَةٍ
اَلسَّلَامُ عَلَيۡكِ يَا مَنۡ حَفَظَتِ
الۡاِمَامَ فِيۡ يَوۡمِ عَاشُوۡرَا فِيۡ قَتۡلٰى
وَبَذَلَتۡ نَفۡسَهَا فِيۡ نَجَاةِ زَيۡنِ
الۡعَابِدِيۡنَ فِيۡ مَجۡلِسِ اَشۡقَى
الۡاَشۡقِيَآءِ وَنَطَقَتۡ كَنُطۡقِ
عَلِيٍّ عَلَيۡهِ السَّلَامُ فِيۡ سُكَّكِ

نے روز عاشورا مقتل میں امام کی حفاظت
کی اور بدبخت ظالموں اور اشقیاء کے
سامنے امام زین العابدینؑ کو بچانے میں
اپنی جان فدا کردی اور گفتگو اس انداز میں
کی جیسے علیؑ نے کوفہ کی گلیوں میں جس کے
اردگرد بہت سے دشمن تھے۔ سلام ہو آپ
پر جس نے اپنی پیشانی کجاوہ کے اگلے
حصہ سے ٹکرائی جب سید الشہداءؑ کے سر کو
دیکھا اور مقنع کے نیچے سے خون دکھائی دیا
اور کجاوہ سے بھی اور اس طرح دکھائی
دیا کہ تمام اردگرد کے دشمنوں نے دیکھا۔
سلام ہو آپ پر اے معصوم جیسی صفت
رکھنے والی۔ سلام ہو آپ پر اے جس کا
امتحان ہوا امام حسینؑ مظلوم کی مصیبتوں
کے برداشت کرنے میں اور اللہ کی رحمت

الْكُوفَةِ وَحَوْلُهَا كَثِيرٌ مِنَ	وبرکت ہوسلام ہوآپ پراے وہ جو اپنے
الْاَعْدَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مَنْ	وطن سے دور تھیں۔ سلام ہو آپ پر جو
نَطَحَتْ جَبِينُهَا بِمُقَدَّمِ الْمَحْمِلِ	مختلف شہروں میں امیر ہوئیں۔ سلام ہو
اِذَا رَاَتْ رَاْسَ سَيِّدِ الشُّهَدَآءِ	آپ پر جسے خرابۂ شام میں مقید کر دیا گیا۔
وَيَخْرُجُ الدَّمُ مِنْ تَحْتِ قِنَاعِهَا	سلام ہوآپ پراے بی بی جو حیران ٹھہری
وَمِنْ مَحْمِلِهَا بِحَيْثُ يَرىٰ مِنْ	ہوئی تھی سید الشہداءؑ کے جسم کے پاس اور
حَوْلِهَا الْاَعْدَآءُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا	اپنے جد رسول الہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
تَالِيَ الْمَعْصُومِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا	اس آواز کے ساتھ مخاطب کیا کہ آپ پر
مُمْتَحِنَةً فِي تَحَمُّلَاتِ الْمَصَائِبِ	آسمان کے ملائکہ نے نماز پڑھی مگر یہ حسینؑ
كَالْحُسَيْنِ الْمَظْلُومِ وَرَحْمَةُ اللهِ	عریاں ہے جس کے سر پر عمامہ نہیں اور
وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا	نہیں جس کے اعضاء ٹکڑے ٹکڑے کر
الْبَعِيدَةُ مِنَ الْاَوْطَانِ اَلسَّلَامُ	دیئے گئے اور آپ کی ذریت اسیر کر لی گئی
عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْاَسِيرَةُ فِي الْبُلْدَانِ	اور اللہ سے شکایت کر رہی ہوں اور فرمایا
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمُتَحَيِّرَةُ فِي	کہ اے محمدؐ یہ حسین ہے جس کے لاشہ پر
خَرَابَةِ الشَّامِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ	باد صبا چل رہی ہے جسے پشت سر سے ذبح

اَيَّتُهَا الْمُتَحَيِّرَةُ فِي وُقُوفِكِ عَلَى
جَسَدِ سَيِّدِ الشُّهَدَآءِ وَخَاطَبَتِ
جَدَّكِ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ بِهٰذَا النِّدَاءِ صَلّٰى عَلَيْكَ
مَلَآئِكَةُ السَّمَآءِ هٰذَا حُسَيْنٌ
بِالْعَرَاءِ مَسْلُوبُ الْعِمَامَةِ وَالرِّدَاءِ
مُقَطَّعُ الْاَعْضَاءِ وَبَنَاتُكَ سَبَايَا
وَاِلَى اللهِ الْمُشْتَكٰى وَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ
هٰذَا حُسَيْنٌ تُسْفِي عَلَيْهِ رِيحُ الصَّبَا
مَجْذُوذُ الرَّأْسِ مِنَ الْقَفَا قَتِيلُ
اَوْلَادُ الْبَغَايَا وَاحُزْنَاهُ عَلَيْكَ يَا اَبَا
عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ تَهَيَّجَ
قَلْبُهَا لِلْحُسَيْنِ الْمَظْلُوْمِ الْعُرْيَانِ
الْمَطْرُوحِ عَلَى الثَّرٰى وَقَالَتْ
بِصَوْتٍ حَزِيْنٍ بِاَبِي مَنْ نَفْسِي لَهُ

کیا گیا اور باغی لوگوں کی اولاد نے قتل کیا۔
اے وہ جو صاحب حزن وغم ہے آپ پر
اے ابوعبداللہؑ سلام ہو اس پر جس کا دل
غمزدہ ہو اس امام حسینؑ مظلوم پر جس کا
لاشہ عریاں خاک پر پڑا ہوا ہے اور
غمناک آواز میں جناب زینب نے فرمایا
میرے باپ فدا اور میری جان فدا ہو
جائے اس پر جو دنیا سے پیاسا گیا اس تشنہ
کام پر میرے باپ فدا ہو جائیں کہ میرا
بابا چلا گیا اس حال میں کہ خون کے
قطرے اس کے جسم سے ٹپک رہے تھے
درود وسلام ہو اس پر جس کے بھائی پر
میدان قتال گریہ کیا گیا اس طرح کہ اس
کے گریہ سے تمام دوست و دشمن گریہ
کرنے لگے اور لوگوں نے گھوڑوں
کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہوئے

اَلْفِدَآءُ بِاَبِي الْمَهْمُوْمِ حَتّٰی قَضٰی	دیکھے جو یقینا گھوڑے کے سموں پر جاری
بِاَبِي الْعَطْشَانِ حَتّٰی مَضٰی بِاَبِي مَنْ	تھے۔ سلام ہو اس پر جو سختی و زحمت میں
شَيْبَتُهٗ تَقْطُرُ بِالدِّمَآءِ اَلسَّلَامُ	پڑا رہا اور عصر عاشورا رسول اللہ کی بیٹیوں کو
عَلٰی مَنْ بَكَتْ عَلٰی جَسَدِ اٰخِيهَا	جمع کیا اور اطفال حسین بھی تھے اور اس
بَيْنَ الْقَتْلٰی حَتّٰی بَكٰی لِبُكَآئِهَا كُلُّ	کے لئے قیامت بپا تھی ان دونوں مسافر
عَدُوٍّ وَصَدِيْقٍ وَرَاَئَ النَّاسُ	بچوں کی شہادت کے بارے میں جو مظلوم
دُمُوْعَ الْخَيْلِ تَنْحَدِرُ عَلٰی	تھے۔ سلام ہو اس پر جس کی آنکھ نہیں سوئی
حَوَافِرِهَا عَلَی التَّحْقِيْقِ اَلسَّلَامُ	اہلبیتؑ کی حفاظت کی خاطر گرم زمین کربلا
عَلٰی مَنْ تَكَفَّلَتْ وَاجْتَمَعَتْ فِي	پر اور جو دشمنوں کے ہاتھوں اسیر ہوئی۔
عَصْرِ عَاشُوْرَا بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ	سلام ہو اس پر جو بے کجاوہ اونٹوں پر سوار
وَاَطْفَالِ الْحُسَيْنِ وَقَامَتْ لَهَا	ہوئی اور اپنے بھائی ابوالفضل کو اس طرح
الْقِيمَةُ فِي شَهَادَةِ الطِّفْلَيْنِ	آواز دی اے میرے بھائی ابوالفضل تم
الْغَرِيْبَيْنِ الْمَظْلُوْمَيْنِ اَلسَّلَامُ	تھے جس نے سوار کیا تھا مدینہ سے جب ہم
عَلٰی مَنْ لَمْ تَنَمْ عَيْنُهَا لِاَجَلِ	لوگوں نے نکلنے کا ارادہ کیا سلام ہو اس پر
حِرَاسَةِ اٰلِ اللّٰهِ فِي طَفِّ نَيْنَوَآءَ	جس نے میدان کوفہ میں نفع بخش خطبہ

وَصَارَتْ اَسِيْرًا بِيَدِ الْاَعْدَآءِ
اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ رَكِبَتْ بَعِيْرًا
بِغَيْرِ وِطَآءٍ وَنَادَتْ اَخِيْهَا اَبَا
الْفَضْلِ بِهٰذَا النِّدَاءِ اَخِيْ اَبَا
الْفَضْلِ اَنْتَ الَّذِيْ رَكِبْتَنِيْ اِذَا
اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ
اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنْ خَطَبَتْ فِيْ
مَيْدَانِ الْكُوْفَةِ بِخُطْبَةٍ نَافِعَةٍ حَتّٰى
سَكَنَتِ الْاَصْوَاتُ مِنْ كُلِّ نَاحِيَةٍ
اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنِ احْتَجَّتْ فِيْ
مَجْلِسِ ابْنِ زِيَادٍ بِاحْتِجَاجَاتٍ
وَاضِحَةٍ وَقَالَتْ فِيْ جَوَابِهٖ بَيِّنَاتٍ
صَادِقَةٍ اِذْ قَالَ ابْنُ زِيَادٍ لِزَيْنَبَ
سَلَامُ اللهِ عَلَيْهَا كَيْفَ رَاَيْتِ
صُنْعَ اللهِ بِاَخِيْكِ الْحُسَيْنِ قَالَتْ

ارشاد فرمایا یہاں تک کہ ہر طرف سے
آوازیں سکوت میں بدل چکی تھیں۔ سلام
ہو اس پر جس نے ابن زیاد کے سامنے
واضح دلیلیں پیش کیں اور اس کے جواب
میں سچی دلیلیں جو واضح تھیں پیش کیں اس
وقت ابن زیاد نے زینب سلام اللہ علیہا
سے کہا کیا دیکھا تم نے اللہ کی قدرت کو
اپنے بھائی حسینؑ کے لئے فرمایا کہ میں
نے خوبی ہی خوبی دیکھی۔ سلام ہو آپ پر
جو بیابان میں دشمنوں کے ہاتھوں اسیر
ہوئی اور اہل شام عیش و سرور میں تھے اور
پرچم اسلام کو بلند کیا۔ سلام ہو اس پر جس
کے بازو رسی سے باندھے گئے اور امام
زین العابدینؑ کی گردن باندھ دی گئی اور
انھیں کے ساتھ ۱۶/افراد اہلبیتؑ رسولؐ

مَا رَاَيۡتُ اِلَّا جَمِيلاً اَلسَّلَامُ عَلَيۡكِ يَا اَسِيرًا بِاَيۡدِ الۡاَعۡدَآءِ فِي الۡفَلَوَاتِ وَرَأَيۡتِ اَهۡلَ الشَّامِ فِي حَالَةِ الۡعَيۡشِ وَالسُّرُوۡرِ وَنَشۡرِ الرَّايَاتِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنۡ شُدَّ الۡحَبۡلُ عَلٰى عَضُدِهَا وَعُنُقِ الۡاِمَامِ زَيۡنِ الۡعَابِدِيۡنَ وَاَدۡخَلُوهَا مَعَ سِتَّةَ عَشَرَ نَفَرٍ مِنۡ آلِ رَسُوۡلِ اللّٰهِ وَهُمۡ كَالۡاُسَرَاءِ مُقَرَّنِيۡنَ بِالۡحَدِيۡدِ مَظۡلُوۡمِيۡنَ۔ وَقَالَ عَلِيُّ ابۡنُ الۡحُسَيۡنِ عَلَيۡهِ السَّلَامُ لِيَزِيۡدَ يَا يَزِيۡدُ مَا ظَنُّكَ بِرَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ لَوۡ رَاٰنَا عَلٰى هٰذِهِ الۡحَالَةِ ثُمَّ قَالَتۡ اُمُّ الۡمَصَآئِبِ زَيۡنَبُ لَهُ قَآئِلاً فَاَهَلُّوۡا وَاسۡتَهَلُّوۡا

کے اسیر کئے گئے اور لوہے میں جکڑے گئے تھے نیز مظلوم تھے اور علی بن الحسین علیہ السلام فرماتے ہیں اے یزید! تیرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں کیا خیال ہے اگر وہ اس حالت میں دیکھیں گے تو کیا کہیں گے پھر ام المصائب زینبؑ نے اطمینان وسکون کے لہجہ میں فرمایا۔ پھر لوگوں نے کہا کہ اے یزید اپنا ہاتھ روک لے جو لکڑی سے دندان مبارک ابوعبداللہ کو اذیت دے رہا ہے جو جنتیوں کے جوانوں کے سردار ہیں اور اسی وقت اپنے انتوں کو توڑ دیا پھر فرمایا اگرچہ زمانہ کی مصیبتوں نے مجھے متوجہ کیا ہے کہ تم سے گفتگو کروں جب کہ تمہاری منزلت بہت حقیر ہے اور تمہاری پستی کو بڑا سمجھا اور میں

فَرَحًا ثُمَّ قَالُوا يَا يَزِيدُ لَا تَشَلُّ مُنْتَحِيًا عَلَى ثَنَايَا اَبِي عَبْدِ اللهِ سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ تَنْكُثُهَا بِمَحْضَرَتِكَ ثُمَّ قَالَتْ وَلَئِنْ جَرَتْ عَلَى الدَّوَاهِي مُخَاطِبَتُكَ وَاِنِّي لَاَسْتَصْغِرُ قَدْرَكَ وَاسْتَعْظِمُ تَقْرِيعَكَ وَاسْتَكْثِرُ تَوْبِيخَكَ لٰكِنَّ الْعُيُونَ عَبْرًا وَالصُّدُورَ حَرًّا اَلَا فَالْعَجَبُ كُلُّ الْعَجَبِ مِنْ اَقْدَامِكَ لِقَتْلِ حِزْبِ اللهِ النُّجَبَاءِ بِحِزْبِ الشَّيْطَانِ الطُّلَقَاءِ وَلَئِنِ اتَّخَذْتَنَا مَغْنَمًا لَتَجِدُنَا وَشِيكًا مَغْرَمًا حِينَ لَا تَجِدُوا اِلَّا مَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ وَاِلَى اللهِ الْمُشْتَكَى وَعَلَيْهِ

تمہیں بہت سرزنش کررہی ہوں لیکن آنکھیں گریاں ہیں اور ہمارا سینہ جل رہا ہے آگاہ ہو تعجب اور بہت تعجب ہے تمہارے اقدام سے جو گروہ الٰہی کو تم نے قتل کردیا۔ شیطانی لشکر کے ذریعہ اگر ہمارے مقتولین کو لے لیا ہوتا بطور غنیمت تو ہمیں جلد پا لیا ہوتا خسارہ اس وقت جب کہ تمہیں نہیں ملا مگر جو ان دونوں ہاتھوں سے کیا اور خدا اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا اسی کی بارگاہ میں شکایت ہے اور نرمی و سختی میں اسی پر اعتماد ہے اپنی فکر کو کام میں لاؤ اور اپنی کوشش کو وسیع کرو اور اپنی کوشش کو برباد کرو پس قسم بخدا ہمارا ذکر نہیں مٹے گا

الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ والرَّخَاءِ فَكِدْ
كَيْدَكَ وَسعَ سَعْيَكَ وَنَاصِبْ
جُهْدَكَ فَوَاللهِ لَا تَمْحُوا ذِكْرَنَا
وَلَا تُمِيْتُ وَحْيَنَا وَلَا تُدْرِكُ
اَمَدَنَا وَلَا تُرْحَضُ عَنْكَ عَارُهَا
وَهَلْ رَأْيُكَ اِلَّا فَنَدًا وَاَيَّامُكَ اِلَّا
عَدَدًا وَجَمْعُكَ اِلَّا بَدَدًا يَا يَزِيْدُ
اَمَا سَمِعْتَ قَوْلَ اللهِ تَعَالٰى وَلَا
تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوا فِي سَبِيْلِ
اللهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
يُرْزَقُوْنَ۔ وَحَسْبُكَ بِاللهِ حَاكِمًا
وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ
خَصْمًا وَبِجِبْرِيْلَ عَدُوًّا ثُمَّ
قَالَتْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَتَمَ
لِاَوَّلِنَا بِالسَّعَادَةِ وَالْمَغْفِرَةِ

اور ہماری وحی نہیں مرے گی اور ہماری
عنایت وانتہا کو نہیں پا سکتا اور تمہیں
چھٹکارا نہیں ملے گا اس دن کی شرمندگی
سے کیا اے یزید تیرا خیال نہیں ہے مگر
غلط اور تمہارے دن گنے چنے ہیں اور
تمہاری جماعت پراگندہ ہے اے
یزید کیا اللہ کا قول تم نے نہیں سنا جو راہ
خدا میں شہید ہوئے انھیں مردہ نہ کہو
بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کی
طرف سے رزق پا رہے ہیں۔ اے
یزید بس حاکم خدا ہے اور محمد صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم وجبرئیل دشمن ہیں پھر
فرمایا کہ تعریف اس خدا کی جس نے
ابتداء کی مغفرت وسعادت سے اسی پر اختتام

وَلِاٰخِرِنَا بِالشَّهَادَةِ وَالرَّحْمَةِ اِنَّهُ رَحِيْمٌ وَدُوْدٌ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ الطَّاهِرِيْنَ الْاَئِمَّةِ الْمَعْصُوْمِيْنَ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

ہوا اور ہماری انتہا شہداء کے ساتھ رحمت الٰہی کے سایہ میں ہوئی وہ بیشک رحیم ومحبت کرنے والا اور ہمارے لئے کافی ہے بہترین وکیل ہے اور اللہ کی رحمت وسلام محمد پر ہو اور ان کے اہلبیتؑ پر جو طاہر اور ان ائمہ پر جو معصوم ہیں۔ آمین اے عالمین کے پالنے والے۔

زیارت حضرت رقیہ سلام اللہ علیہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَتَنَا رُقَيَّةَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ تَحِيَّةً وَالسَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ خَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

شروع کرتا ہوں خدا کے نام سے جو رحمن اور رحیم ہے۔

سلام ہو آپ پر اے ہماری بزرگ رقیہ آپ پر سلام وتحیہ ہو رحمت خدا واس کی برکتیں ہوں۔ سلام آپ پر جو امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ کی دختر ہیں سلام آپ پر جو فاطمہؑ زہراء کی بیٹی ہیں جو فاطمہ عالمین کی عورتوں کی سردار ہیں۔ سلام ہو

وَالْمُؤْمِنَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ وَلِيِّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا اُخْتَ وَلِيِّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الصِّدِّيقَةُ الشَّهِيدَه اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الرَّضِيَّةُ الْمَرْضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ النَّقِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الزَّكِيَّةُ الْفَاضِلَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُومَةُ الْبَهِيَّةُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكِ وَعَلٰى رُوحِكِ وَبَدَنِكِ فَجَعَلَ اللهُ مَنْزِلَكِ وَمَاْوَاكِ فِي الْجَنَّةِ مَعَ آبَائِكِ وَاَجْدَادِكِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمَعْصُومِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ وَعَلَى الْمَلَآئِكَةِ الْحَآفِّيْنَ حَوْلَ حَرَمِكِ الشَّرِيفِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

آپ پر جو خدیجۃ الکبریٰ کی دختر ہیں یہ خدیجہ مومنین ومومنات کی ماں ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے دختر ولی خدا۔ سلام ہو آپ پر اے ولی اللہ کی خواہر۔ سلام ہو آپ پر اے حسین شہید کی دختر۔ سلام ہو آپ پر اے صدیقہ جو شہید بھی ہوئیں۔ سلام ہو آپ پر اے جو خدا سے راضی اور خدا ان سے راضی۔ سلام ہو آپ پر اے پاک و پاکیزہ و متقی و پرہیزگار۔ سلام ہو آپ پر اے پاک نفس اور بہتر سلام ہو آپ پر اے مظلومہ جس نے مصائب کو برداشت کیا آپ پر اللہ کا سلام اور آپ کی روح وبدن پر اللہ نے آپ کا مقام ومنزل جنت میں قرار دیا ہے اپنے آباء واجداد کے ساتھ جو طیب وطاہر ومعصوم ہیں اور آپ پر سلام ہو جو آپ نے صبر کیا پس کتنی عمدہ و بہترین زندگی آخرت کی ہے اور ملائکہ آپ کی حرمت کے پاسدار ہیں جو آپ کے حرم شریف کے ارد گرد ہیں اللہ کی رحمت وبرکت ہو آپ پر اور اللہ کا سلام اپنے سردار محمدؐ اور ان کی طیب وطاہر آل پر ہو اور اپنی رحمت بکھیرے اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

زیارت اہل قبور

حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص قبرستان میں داخل ہو اور یہ کہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنْ اَھْلِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَآ اَھْلَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کَیْفَ وَجَدْتُّمْ قَوْلَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنْ اَھْلِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِغْفِرْ لِمَنْ قَالَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَةِ مَنْ قَالَ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ، عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ۔

- تو خداوند عالم اس کے لئے پچاس سال کی عبادت کا ثواب لکھے گا اور پچاس سال کے گناہ اس کے اور اس کے والدین کے مٹا دے گا۔

التماس سورہ فاتحہ

برائے ایصال ثواب

پرنس سرتاج مرزا مرحوم

ابن

مرزا جہاندار قدر صاحب مرحوم

حمد خدا و نعت رسولؐ

محترمہ بنت زہراء نقوی ندیؔ الہندی صاحبہ

حمد خدا کیا کرو اس میں بڑا ثواب ہے
نعت نبیؐ پڑھا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

الفت آل فاطمہؑ اجرِ رسولؐ پاک ہے
اجر نبیؐ ادا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

سب سے بڑے رسولؐ ہیں سب سے بڑے امامؑ ہیں
ان کی بہت ثنا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

اپنے ہی واسطے دعا کرنے میں کیا بھلائی ہے
سب کے لئے دعا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

سچے بنو یہی تو ہے الفت صادقؑ نبیؐ
جھوٹ سے بس بچا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

جھوٹوں سے منہ کو موڑ لو سچوں کے ساتھ چل پڑو
سچ ہے کدھر پتا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

ملّا ہے حق بیانی سے آج ندیؔ جو منحرف
اس کے لئے دعا کرو اس میں بڑا ثواب ہے

نعت مرسل اعظم حضرت محمد مصطفیؐ

جناب سید رضا محمد نقوی رضاؔ جائسی

(ولادت: ۱۷؍ربیع الاول، ۱؍عام الفیل مطابق ۵۷۰ء۔ شہادت: ۲؍ربیع الاول ۱۱ھ)

بجز اس کے نبی کا نام نامی لے کے کیا کہیئے
ادھر کہیئے محمدؐ اور ادھر صل علیٰ کہیئے

مزا ہر بار حاصل کیجئے قند مکرر کا
زباں سے آپ جتنی بار بھی یا مصطفاؐ کہیئے

ملا ہے فطرتاً دین خدا ہم کو مقدر سے
اسے اک دین خالق کی، اسے حق کی عطا کہیئے

ہمارا رہنما وہ مرسلؐ محبوب داور ہے
جسے حق تک رسائی کا مکمل واسطا کہیئے

جو یوسف بر بنائے حسن، مطلوب زلیخا ہوں
تو محبوب خدا کو کیوں نہ مطلوب خطا کہیئے

جو حق کی معرفت چاہے وہ عارف ہو محمدؐ کا
یہ عبد خاص وہ ہے جس کو عبدِ حق نما کہیئے

حقیقت تو یہ ہے اسلام پھیلا خُلق احمدؐ سے
بزور تیغ اشاعت کہتے ہیں جو اُن کو کیا کہیئے

غلاموں کا سلام شوق جاتا ہے مدینے کو
کہیں اے کاش وہ کہہ دیں مری سب کو دعا کہیئے

جو کچھ ممکن ہوئی نعت نبیؐ عجلت میں لکھ ڈالی
سوا صل علیٰ کے اور کیا اب اے رضاؔ کہیئے

مدح حضرت علیؑ مرتضیٰ

شہنشاہ طنز و مزاح ریاست حسین رضوی شوقؔ بہرائچی مرحوم

(ولادت: ۱۳؍رجب، ۳۰عام الفیل۔ شہادت: ۲۱؍رمضان ۴۰ھ)

ہے اتنی ہیبت جنابِ بنتِ اسد کے لختِ دل و جگر کی
ملائے اس شیرِ نر سے آنکھیں کہاں یہ ہمت کسی سور کی

یہ جنت اور میوہ ہائے جنت کا ذکر اب ہے فضول واعظ
یہ منّ و سلویٰ کے دن نہیں ہیں یہ فصل ہے آلو اور مٹر کی

رہے تصور جو میرے مولیٰ علیؑ کی شیریں بیانیوں کا
تو پھر ضرورت نہ شہد کی ہو نہ کوئی خواہش رہے شکر کی

نہ زاہد خشک سے علیؑ خوش نہ تو خدا کا رسولؐ راضی
جگہ نہ پائی کوئی لور میں نہ سیٹ کوئی ملی اَپر کی

جناب واعظ کو جانفشانی کی داد دی یوں فرنگیوں نے
کہ پیٹھ ٹھونکی ہے بارہا جیسے ابن مریمؑ نے اپنے خَر کی

جو آمدِ بت شکن کی آکر کسی خبردار نے خبر کی
تو بندھ گئی گِھگّھی ڈر کے مارے حرم میں اصنام سیم بر کی

اِدھر جلالِ نبیؐ سے خطرہ اُدھر ہے اک بت شکن کی ہیبت
پڑے ہیں چکّر میں لات و عزّیٰ بچائیں چوٹیں کِدھر کِدھر کی

یہ وہ ہیں دنیا میں رہ کے بھی جو فریب دنیا نہ کھا سکیں گے
یہ رنگ ہر اک کا جانتے ہیں انھیں ہے پہچان ہر کلر کی

علیؑ جسے مل گئے جہاں میں خدا اُسے مل گیا جہاں میں
جو سوئے کعبہ گئی ہیں راہیں وہی ہیں راہیں علیؑ کے گھر کی
خدا نے دامادِ مصطفیؐ کو بنایا مختار کُل جہاں کا
حدودِ امکاں جو اِن کے پائیں یہ تاب کیا ہے اوَر سِیر کی
قطار اونٹوں کی جس نے سائل کو دے دی اک روٹی مانگنے پر
تو آ گیا لَنچ کو پسینہ نگاہ شرما گئی ڈِنر کی
وہ شیرِ داور کی ایک ضربت سرِ بنِ ود پہ یوم خندق
کہ جس کے آگے پھسڈی ٹھہری جہاں میں طاعت زمانے بھر کی

مدح حضرت فاطمۃ الزہراؑ

ندیؔ الہندی

(ولادت: ۲۰/جمادی الثانی، ۵/بعثت۔شہادت: ۳/جمادی الثانی ۱۱ھ)

آیۂ تطہیر پڑھ کر کیا کہوں کیا پڑھ لیا
بنت احمدؐ تیری عصمت کا قصیدہ پڑھ لیا
جب کبھی بھی زوجۂ حیدرؑ کا خطبہ پڑھ لیا
یوں ہوا محسوس جیسے اک صحیفہ پڑھ لیا
جب کنیزوں نے کسی دم روئے زہراؑ پڑھ لیا
دیدہ ودل نے یقینا پورہ سورہ پڑھ لیا
اُس کو زہراؑ کی بلندی کا بڑا احساس ہے
جس کسی نے مصحفِ اخلاقِ فضّہ پڑھ لیا
غیرِ فضّہ ہے کنیزوں میں کوئی جس نے ہر اک
سیدہؑ کے چشم و ابرو کا اشارہ پڑھ لیا
اس کو قرآں کا سمجھنا ہوگیا آسان تر
دل لگا کر جس نے بھی نہج البلاغہ پڑھ لیا
ذکر زہراؑ کی بدولت فکر زہراؑ کی قسم
بہتوں نے افسانۂ احسانِ زہراؑ پڑھ لیا
پڑھ کے آیات واحادیثِ فضائل شاد ہوں
جی یہی کہتا ہے تھا جو آج پڑھنا پڑھ لیا
نامۂ تقدیر میں میں ہوں کنیز فاطمہؑ
میں نے اس جملے میں سب قسمت کا لکھا پڑھ لیا
مرقدِ زہراؑ کی جانب دل کھنچا جاتا ہے کیوں
لگتا ہے بی بی نے مکتوبِ تمنّا پڑھ لیا
سوچتی ہے خود ندیؔ الھندی ثنا خوانی کے بعد
کتنا اچھا لکھ لیا اور کتنا اچھا پڑھ لیا

مدح امام حسن مجتبیٰ ؑ

(ولادت: ۱۵/رمضان ۲/۳ھ۔ شہادت: ۲۸ صفر ۵۰ھ)

ندیؔ الہندی

پھر ہوئی توفیق پھر لکھا قصیدہ آپ کا
ہوتا ہے کس حسن سے احسان، مولا آپ کا

مرسلؐ اکبر کے بیشک سبطِ اکبر آپ ہیں
کیا بڑا دنیا میں رکھا رب نے رشتہ آپ کا

بانئ اسلام نانا محسنِ اسلام جد
اور ملقب کلِّ ایماں سے ہے بابا آپ کا

ماں بقولِ مصطفیٰؐ سردار عورات جہاں
کیسے ممکن ہے تقابل ابنِ زہراؑ آپ کا

سچے موتی بانٹتے ہیں آپ ہی کے لعلِ لب
اور کبھی بھی کم نہیں ہوتا خزانہ آپ کا

آپ ہی کے در کے نوکر قدسیان عرش ہیں
آستاں ہے عرش اعظم سے بھی اونچا آپ کا

ناز برداری کی حد ہے عید کے دن خود رسولؐ
سیدہؑ کے گھر سے نکلا بن کے ناقہ آپ کا

آپ ہیں بابِ مدینہ غاصبوں کو کیا خبر
درحقیقت ہے زمانے میں مدینہ آپ کا

آپ کے مسلک کو روشن کرتا ہے حسنِ سلوک
خلد تک سیدھا چلا جاتا ہے رستہ آپ کا

اس لئے بے خوف ہوں اس عہد پُرآشوب میں
ہے ندیؔ الہندی کو اے آقا سہارا آپ کا

مدح حضرت امام حسین ؑ

لسان الشعراء مولانا سید مجاور حسین نقوی تمنّاؔ جائسی

(ولادت: ۳/شعبان ۳/۴ھ۔ شہادت: ۱۰/محرم ۶۱ھ)

نہ جانے کس کے شوق دید میں ہیں جا رہے تارے
کہ مُڑ کر ساتھیوں کو بھی نہیں اب دیکھتے تارے

حسین ؑ ابن علی ؑ پیدا ہوئے ذرے بنے تارے
ضیا سے چہرۂ پُرنور کی شرما گئے تارے

نہ طعنہ زن ہوں کیوں مہتاب پر چھوٹے بڑے تارے
کہ نکلیں گی جناب سیدہؑ اب دیکھنے تارے

مرے مولا ترے حُسنِ عقیدت کے وہ ہیں عالم
دکھائی دیتے ہیں گردوں پہ جو چھوٹے بڑے تارے

سماں اس رات کا ہے آسماں پر دید کے قابل
مہِ نو کی کہیں ضو ہے کہیں چھٹکے ہوئے تارے

کوئی کہہ دے نجومی اب اُٹھا رکھیں حساب اپنا
کہ مالک آج کل ہیں دن کے ذرّے رات کے تارے

ہوئے تھے چشمکوں سے برق کی پہلے تو شرمندہ
مگر جب ابر کا پردہ ہٹا تو ہنس پڑے تارے

نہ جانے ہے یہ جلوہ کہکشاں کا آج گردوں پر
کہ دوہری باندھ کر صف سوئے یثرب ہیں چلے تارے

ترے ملبوس پر اے چرخ اب نظریں نہیں تھمتیں
ازل کے دن ٹکے تھے کیا اسی شب کے لئے تارے

مٹا شکوہ مریضِ ہجر کو اب تیرہ بختی کا
خوشی سے قلب یوں چمکا بنے سب آبلے تارے

یہ کس کے حسن نے کی دفعتاً ایسی کشِش پیدا
کہ سینوں سے کھنچے دل، اور گردوں سے کھنچے تارے

بنایا ہے جسے مشتاق نظروں نے ملائک کی
اُسی تار نگہ کے جال میں اب ہیں پھنسے تارے

سوم شب ماہ شعباں کی کچھ اس انداز سے آئی
کہ خود اپنی تجلی دیکھ کر ہنسنے لگے تارے

نہیں بے وجہ ان کا جھلملانا آج گردوں پر
کسی کے حُسن روز افزوں کے دیتے ہیں پتے تارے

یہ کس کے پرتو رخسار سے کیا جانے شرم آئی
کہ گر کر خاک میں چھپنے لگے ٹوٹے ہوئے تارے

حباب بحر وقت صبح پانی پر یہ تاباں ہیں
اُبھر آئے ہیں یا سب چرخ کے ڈوبے ہوئے تارے

خجل ہوتے نہ کیوں اس شب کو انجم ضو سے زرّوں کی
کہ وہ نزدیک کے تارے تھے اور یہ دور کے تارے

سحر نے آسماں پر جب کہ پوشاک شفق بدلی
تو جو پہلے رو پہلے تھے سُنہرے وہ ہوئے تارے

زمیں سے آسماں تک آج یہ کس کی ضیا پھیلی
کہ گلشن میں کھلے گل اور گردوں پر ہنسے تارے

نچھاور کررہا تھا کچھ ضرور اس شب کو گردوں بھی
مگر کیا جانے وہ موتی تھے یا تھے چرخ کے تارے

سحر کو اُوس کے قطروں کا اُڑنا یہ بتاتا ہے
کہ مرکز پر چلے پھر رات کے ٹوٹے ہوئے تارے

نظر کرنا رُخِ پُرنور پر کب شہ کے آساں تھا
ہنسی بجلی بھی یوں شرما کے بادل میں چھپے تارے

جو آغوش جنابِ سیدہؑ میں آج ہے بچہ
اسی کو آنکھیں کھولے رات بھر ڈھونڈھا کئے تارے

کہیں جس کو رسولؐ حق خود اپنی آنکھ کا تارا
نہ ہوں بے چین کیوں افلاک پر اُس کے لئے تارے

جہاں کا ذرّہ ذرّہ ہو منور جس کے پرتو سے
بچھائیں کیوں نہ آنکھیں اپنی اُس کے واسطے تارے

تمنّاؔ شبّرؑ و شبّیرؑ کے رتبوں کا کیا کہنا
زمانے میں اُتر آئے تھے یہ دو عرش کے تارے

توصیف امام زین العابدینؑ

ندیؔ الہندی

(ولادت: ۱۵/جمادی الثانی ۳۸ھ۔ شہادت: ۲۵/محرم ۹۵ھ)

جس کو تم کہتے ہو علم و آگہی کی بات ہے
وہ علیؑ ابنِ حسینؑ ابنِ علیؑ کی بات ہے

جان دینا الفتِ سجادؑ پر ہے زندگی
اہلِ حق کے واسطے یہ تو خوشی کی بات ہے

موت آنی ہی ہے جب تو مر نبیؐ کی آل پر
مرنے والے بس اسی میں زندگی کی بات ہے

ہاتھ کے دھوون اشارہ پا کے بن جائیں گہر
میرے مولاؑ! یہ یقیناً آپ ہی کی بات ہے

سر اُٹھا کے کہہ رہا ہے کوئی قیدی حق کی بات
کیوں نہ باطل سرنگوں ہوئے علیؑ کی بات ہے

ایک قیدی کا تکلم بھی صحیفہ بن گیا
سوچئے توکس قدر دیدہ وری کی بات ہے

تھا جو پابند الم مخدوم عالم ہوگیا
اے امیر شام تجھ پر یہ ہنسی کی بات ہے

تازگی ہے تذکروں میں سید سجادؑ کے
جب سنو لگتا ہے جیسے یہ ابھی کی بات ہے

دل منور گھر منور مدحتِ سجادؑ سے
بات اتنی ہے مگر یہ روشنی کی بات ہے

الفتِ عابدؑ اگر ہے خوب کر اعمال خیر
اے ندیؔ الھندی یہی تو پیروی کی بات ہے

مدح امام محمد باقرؑ

قائم مہدی نقوی تذہیبؔ نگروری

(ولادت: یکم رجب ۵۷ھ۔ شہادت: ۷/ذی الحجہ ۱۱۴ھ)

قطعہ

غرق ہوتا ہے ظلمتوں کا امام
دیکھو فرعون کو بچا کب ہے

گر گیا ہے کنویں میں ابن امام
ہاں مگر اس کو کچھ ہوا کب ہے

اس لئے ڈوبتے نہیں باقرؑ
نور پانی میں ڈوبتا کب ہے

بزم مدحت میں محبت چاہئے ہم سبھوں کو اپنی جنت چاہئے
ہم کو باقرؑ تک پہنچنا ہے ضرور گر محمدؐ کی شریعت چاہئے
الفت مولا سے مالا مال ہوں کب مجھے دنیا کی دولت چاہئے
ان کے دروازے پہ رکھنے کے لئے مثلِ دل شمع عقیدت چاہئے
تفرقہ نے کردیا برگ خزاں آج آپس میں اخوت چاہئے
یہ زمانے کی حکومت کچھ نہیں اصل میں دل پر حکومت چاہئے
مقتضائے انتشار دہر ہے آل احمدؑ کی قیادت چاہئے
روشنئ دیدہ و دل کے لئے الفت نور امامت چاہئے
اے امام پنجم عالی وقار بس متاع عزم و ہمت چاہئے
آلؑ و قرآں میں جدائی ہے محال ہر گھڑی قرآں کو عترت چاہئے
وصف گل ہے رنگ و بوئے دل پذیر آدمی کو آدمیّت چاہئے
چاہتی ہے ہم کو جنت جانے کیوں ہم نہیں کہتے کہ جنت چاہئے
شاعری مثلِ ریاضی ہے حضور اس کو بھی کافی ریاضت چاہئے
کوشش پیہم ہے یہ تذہیبؔ کی فکر کے دامن کو وسعت چاہئے

مدح امام جعفر صادقؑ

ندیٓ الہندی

(ولادت: ۱۷ربیع الاول ۸۳ھ ۔شہادت: ۱۵رشوال ۱۴۸ھ)

وصیٔ مرسل اعظمؐ ہیں حضرت جعفر صادقؑ
تبھی تو کرتے ہیں کار رسالت جعفر صادقؑ
ہے واجب آپ کی لاریب مدحت جعفر صادقؑ
مگن ہے چونکہ دریائے طبیعت جعفر صادقؑ

انھیں حاجت نہیں دنیا کی، بس اللہ کافی ہے
مگر ہیں سارے عالم کی ضرورت جعفر صادقؑ

نہ کیوں تعلیم دیں علم پیمبر کی زمانے کو
ہیں بیشک وارثِ علمِ نبوت جعفر صادقؑ

تمہیں جو چھوڑ دے سچ میں وہ سچا ہو نہیں سکتا
تمہارے ساتھ رہتی ہے صداقت جعفر صادقؑ

تمہاری دشمنی انساں کو لے جاتی ہے دوزخ تک
تمہارے نام پر ملتی ہے جنت جعفر صادقؑ

زمانہ اس قدر روشن تمہارے علم ہی سے ہے
تمہیں ہو فخرِ اربابِ بصیرت جعفر صادقؑ

یقینا روح پھونکی آپ نے جسم تفقہ میں
ہے دم سے آپ کے جان شریعت جعفر صادقؑ

مجھے ذرہ برابر ڈر نہیں ہے جلنے والوں سے
ہے چونکہ آپ کی چشم عنایت جعفر صادقؑ

خدا شاہد کہ بس ہے آپ سے اور آپ کے گھر سے
ندیؔ الہندی کو امیدِ شفاعت جعفر صادقؑ

منقبت امام موسیٰ کاظمؑ

شاعرۂ آل محمدؐ تنظیم زہراء نقوی کنیزؔ اکبر پوری

(ولادت: ۷ر صفر ۱۲۸ھ۔شہادت: ۲۵ر رجب ۱۸۲ھ)

کیوں نہ ہوں خوب کنیزان امام کاظمؑ — ہیں عزیز حق کو عزیزان امام کاظمؑ
جس کسی کو ہوا عرفان امام کاظمؑ — ہو گیا پھر وہ ثنا خوان امام کاظمؑ

جس جگہ جاؤ وہاں ہوتا ہے ذکر مولیٰ — جگ میں چھائے ہیں محبان امام کاظمؑ
ماننا حکم نبیؐ فرض ہے جیسے ہم پر — فرض ہے ویسے ہی فرمان امام کاظمؑ
جب کریمی واطاعت پہ نظر کی ہم نے — جان و دل ہو گئے قربان امام کاظمؑ
رزق دیتا ہے خدا ان کے سبب عالم کو — ساری دنیا پہ ہے احسان امام کاظمؑ
در اقدس پہ جبیں رکھیں گے پھر اپنی کنیزؔ — ہم جب ہو جائیں گے مہمان امام کاظمؑ

مدیح امام رضاؑ

ندیؔ الہندی

(ولادت: ۱۱/ذیقعدہ ۱۴۸ھ۔ شہادت: ۱۷/صفر ۲۰۳ھ)

ہر طرف ہے روشنی کی بات اب — بن گئی ہے زندگی کی بات اب
آٹھواں ہادیؑ جہاں میں آگیا — بڑھ گئی عشق علیؑ کی بات اب
ہر جگہ شیریں بیانی کا ہے شور — کیسے سن لے کوئی پھیکی بات اب
کب خبر دی تھی نبیؐ نے آج کی — ہو گئی پوری کبھی کی بات اب
دشمنی کی بات سے کیا فائدہ — کیجئے تو دوستی کی بات اب
جس گلی سے زندگی تقسیم ہو — کیجئے ایسی گلی کی بات اب
مر رہی ہوں اب تو اہلبیتؑ پر — موت میں ہے زندگی کی بات اب
صرفِ مدحت پھر ندیؔ الہندی ہوئی — کر رہی ہے اپنے جی کی بات اب

مدح حضرت امام محمد تقیؑ

علامہ سید کلب احمد نقوی ماتی جائسی

(ولادت: ۱۰/رجب ۱۹۵ھ۔ شہادت: ۲۹/ذیقعدہ ۲۲۰ھ)

تمنا لائی ساحل تک سفینہ جان مضطر کا
کہے تو کیا کہے شاہا، اگر مانگے تو کیا مانگے

رہے گی خلوتِ امروز دنیا میں جو محرومی
سہارا پھر تو بس ہے جلوت فردائے محشر کا

نظارے کی تمنا چاہتی ہے رو برو تم کو
نہ مانوں گا سر بالیں نقاب رخ اگر سرکا

جسارت ہو اگر یہ التجائے جلوہ فرمائی
تو اپنی ہی طرف رخ پھیر دو اس دیدہ تر کا

تمہارا اختیار نظم قدرت جانتا ہوں میں
تمہارا اک اشارہ اور پھر جانا مقدر کا

تمہارے حکم میں ہے قوت حکم ید اللّٰہی
نگاہوں میں ہے پھر جانا رخ مہر منور کا

امید موت سے تسکین پائی جیتے جی میں نے
یقیں اتنا تھا وقت واپسیں دیدار حیدرؑ کا

علیؑ ہی کا نہیں ان کے ہر اک فرزند کا جلوہ
سمجھتا ہوں کہ حصہ ہے نگاہوں کے مقدر کا

فدا ہو جان ماتی اے تقیؑ تم بھی تو آؤ گے
کہ آساں مرحلہ ہو جائے نزع روح مضطر کا

تم اے شاہ شہاں فرزند و وارث مرتضیٰ کے ہو
وہی رتبہ تمہارا جو تمہارے جد اطہر کا

کوئی مشکل نہیں مولا تمہارے واسطے مشکل
ابھی کھلتا ہے آجائے جو عقدہ فتح خیبر کا

جدارِ کعبہ، شاہا! راہ دے سکتی ہے تم کو بھی
مگر بے سود ہے اظہار اعجاز مکرر کا

زبان ابن اکثم گنگ حضرت کے تکلم سے
کوئی کیوں امتحاں لے وارثِ علم پیمبرؐ کا

طواف آستان مرتضیٰ مقصود خلقت ہے
وگرنہ کون سا مصرف ہے مہر و ماہ و اختر کا

پڑھوں مطلع کہ جس کی روشنی میں اہل حاجت کو
نظر آجائے مطلع آفتاب جودِ سرور کا

جواد اک نام ہے معروف اس فرزند حیدرؑ کا
مگر جو گنج قدرت میں ہے سب قبضے میں ہے تیرے

ترا اور خانوادے کا ترے مداح ہے ماتی
دم آنکھوں میں ہے یا شوق نظر ہے زندگی بھر کا

مخمس در مدح حضرت امام علی نقیؑ

سید رئیس حسین نقوی عاصیؔ جائسی

(ولادت: ۵/رجب ۲۱۴ھ۔ شہادت: ۳/رجب ۲۵۴ھ)

(۱)

زباں سے کیسے کہیں ہم کہ دل ہے کاہش جاں
ہے دل تو ایک مگر دل میں لاکھ ہیں ارماں
یہ بات اور ہے فتنے کا ہے یہی ساماں
اسی میں راز محبت بھی ہوتا ہے پنہاں
یہی وہ دل ہے اٹھاتا ہے جو غم ہجراں

(۲)

کبھی تو کہتے ہیں اس دل کو ہم دل ویراں
کبھی یہ ہوتا ہے قسمت سے منزل جاناں
ہم اپنی جان کو اس پر نہ کیوں کریں قرباں
ذرا سی چیز اور اس کے ہزارہا خواہاں
نہیں شک اس میں کہ دل کا وسیع ہے داماں

(۳)

یہی وہ دل ہے جو خوف و رجا کا مسکن ہے
یہی وہ دل ہے جو مہر و وفا کا گلشن ہے
یہی وہ دل ہے جو حلم و حیا کا معدن ہے
یہی وہ دل ہے جو لطف و عطا کا مخزن ہے
اسی میں سارے جہاں کی ہے داستاں پنہاں

(۴)

اسی میں جذبۂ الفت کو موجزن پایا
اسی کا ہر عمل نیک و بد پہ ہے سایا
یہی ہے دین کا دنیا کا بھی یہ سرمایا
یہی ہے کعبے کا ہمسر اور اس کا ہمپایا
اسی میں معرفتِ حق کے راز ہیں پنہاں

(۵)

یہ جذب دل ہے جو مجھ کو مدینہ لے کے چلا
ہے رشک وادیٔ ایمن جہاں کا ہر ذرا
نبیؐ کے گھر میں محمد اک اور آج آیا
امام خلق جو ہے، ہے لقب نقیؑ جس کا
اسی سے پائے گا انساں تقرب یزداں

(۶)

یہ اس صدف کے گہر ہیں نہیں ہے جس کا جواب
یہ بحر جود و سخا کے ہیں گوہر نایاب
بجز نبیؐ کے ملے کس کو لعل یوں شب تاب
جہاں میں در سے انہیں کے کھلے علوم کے باب
نہ شہر علم بھی کس طرح ان پہ ہو نازاں

(۷)

فرشتے عرش سے آئے ہیں تہنیت دینے
نبیؐ کے لال پہ سب جان و دل سے ہیں صدقے
شرف حضوری کا قسمت سے مل گیا ہے جسے
زیارت آج امام دہمؑ کی کی اس نے
تقیؑ کی گود میں ہے آج پارۂ قرآں

(۸)

ہے جس کا تابع فرماں ہر ایک جن و بشر
جو آڑے وقت میں دین خدا کی ہوگا سپر
جو چین ہے دل مادر کا اور جان پدر
تقیؑ کے ہاتھوں پہ اس طرح ہے وہ نور نظر
کہ جیسے رحل پہ رکھا ہو پارۂ قرآں

(۹)

جسے ملا نہ کسی سے ہو کچھ وہی ترسے
ملا ہے ہم کو تو سب کچھ رسول کے گھر سے
نصیب ہو جو زیارت کبھی مقدر سے
لگائیں مرقد پرنور دیدۂ تر سے
ہے دل میں عاصیؔ ناشاد کے یہی ارماں

مدیح امام حضرت حسن عسکریؑ

ندیؔ الہندی

(ولادت: ۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ۔ شہادت: ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ)

رسائی دیدہ و دل کی امامِ عسکریؑ تک ہے
ہمارا رابطہ بس روشنی سے روشنی تک ہے

ولائے عسکریؑ پر مرنے والے جی کے رہتے ہیں
اسی مرجانے پر قربان خود سے زندگی تک ہے

رہِ نعمات ہی مذہب مرا ہے سچ میں کہتی ہوں
تگ و دو اپنی اے مولاؑ! تمہاری ہی گلی تک ہے

تواتر سے وہی ہیروں کی بوسہ گاہ بنتی ہے
رسائی جس جبیں کی اُس گلی کی کنکری تک ہے

وہی اللہ والا ہے وہی احمد کو پیارا ہے
کہ جس کا سلسلہ یارو! درِ آلِ نبیؐ تک ہے

وہی افراد معلومات کی دنیا میں جیتے ہیں
کہ جن کی آمد وشد علم کی بارہ دری تک ہے

محبِّ عسکریؑ دعوے سے کہتی ہوں بہشتی ہے
وہی دعویٰ جو پہلے تھا وہی دعویٰ ابھی تک ہے

عطا خالق نے کی ہے طاقتِ ''کُن'' میرے مولا کو
عدو کی رفعتِ پرواز بس جادوگری تک ہے

دعا ہوتے ہی لو بغداد جل تھل ہوتا جاتا ہے
نظامِ ابتری سارے کا سارا اب تری تک ہے

جو کل بیکل تھے اب شاداب ہیں بارانِ رحمت سے
پہنچ اصواتِ زندہ باد کی دریا دلی تک ہے

ندآئے آلؑ احمدؐ کو ندائے آسمانی ہے
اثر مدحت کا تیری سُن! دل ابنِ علیؑ تک ہے

مدح امام زمانہؑ عجل اللہ فرجہ الشریف

مولانا سید مصطفی حسین نقوی اسیفؔ جائسی

(ولادت: ۱۵ر شعبان ۲۵۵ھ۔ غیبت کبریٰ: از ۳۲۹ھ الیٰ ماشاءاللہ)

وہ تو آتے ہی ہیں کیوں کہتے ہو آنا چاہئے ۔۔۔ اپنی آنکھوں سے تمہیں پردہ اٹھانا چاہئے
ان کے لائق پہلے اپنے کو بنانا چاہئے ۔۔۔ ورنہ یہ بیکار ہے کہنا کہ آنا چاہئے

نرجس خاتون کی قسمت کے تارے کے لئے
مرضئ رب ہے ہمیشہ جگمگانا چاہیے

شعلہ افشانئ غم ان کو دکھانی ہے اگر
شمع دل مدھم ہے اس کی لو بڑھانا چاہیے

خواب ہی میں وہ کہیں ملتے تو ان سے پوچھتے
اب ہمیں کب تک غم فرقت اٹھانا چاہیے

آؤ نالوں سے کریں ہنگامۂ محشر بپا
ان کے آنے کے لئے کوئی بہانا چاہیے

تا نظر آئے انھیں ہر سمت اپنا ہی جمال
بام و در پر آئینے دل کے لگانا چاہیے

روتے روتے جستجوئے گوہر مقصود میں
آرزوئے دید کو ساحل بنانا چاہیے

تا وہ سیدھے آئیں اپنی محفل عشاق میں
آج خضرا تک چراغ دل جلانا چاہیے

جائے خط بھیجوں لفافے میں دلِ مشتاق کو
اس بہانے ہی سے ان کو دیکھ آنا چاہیے

اے فرشتو! نامۂ اعمال کیا دیتے ہو تم
میرے ہاتھوں میں تو دامن ان کا آنا چاہیے

آرہی ہے بھینی بھینی ان کی زلفوں کی شمیم
بارش انوار میں چل کر نہانا چاہیے

کہتی ہے تاریخ مدحت، مدحِ مولاؑ کے لئے
لاکھوں صدیوں کے برابر اک زمانا چاہیے

زُہرہ کو چھونا ہے کیا سورج کا بوسہ لیں گے ہم
آفتاب غیب بس کعبے میں آنا چاہیے

اے تخیل بدر نرجس کے سراپا کے لئے
پردۂ افکار پر سورج بنانا چاہیے

جھوٹ کی کم عمر ہوتی ہے مثل مشہور ہے
فہم غیبت کو نگاہ عارفانا چاہیے

ان کے جلوے ہی کچھ ایسے ہیں کہ آنکھیں ماند ہیں
چشم دل کو کم سے کم سورج بنانا چاہیے

کہہ دو عیسیٰؑ سے کہ ان کی پیروی آساں نہیں
سر کے بل چل کر انھیں کعبے تک آنا چاہیے

مقصد عمر جناب نوح بھی ہے منتظر
یہ خبر طوفانِ رحمت کو سنانا چاہیے

آخری تصویر عصمت ہے یدِ قدرت کی تو
ہاں مشیئت کو کلیجے سے لگانا چاہیے

سہمی سہمی مادرِ گیتی ہے اے حیدر کے لال
اس کو تخریب تصادم سے بچانا چاہیے

خط میں بھیجا ہے قصیدہ اس یقیں پر اے اسیفؔ
آج ابنؑ روح کو پڑھ کر سنانا چاہیے